Fairfax County Public Schools
# Individualized Education Program
## Extended School Year (ESY) Services

توسیعی تعلیمی سال (ESY) کی خدمات سے، مراد ایسی خصوصی تعلیمی اور/ یا متعلقہ خدمات ہیں، جو معذوری کے حامل طلباء کے لیئے، عام تعلیمی سال کے علاوہ بھی، ایک مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) فراہم کرنے کی نیت سے، پیش کی جاتی ہیں اور یہ خدمات بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے مطابق اور گھرانوں کے لئے، بلاقیمت ہوتی ہیں۔

ESY کا مقصد IEP ٹیم کی طرف سے، واضح کردہ خدمات فراہم کرنا ہے، جس میں اس بات کا تعین کیا گیا ہوتا ہے کہ اگر طالب علم نے، طویل چھٹی کے دوران خدمات حاصل نہ کیں تو تعلیمی سال میں، حاصل کیئے گئے، فوائد نمایاں طور پر متاثر ہوسکتے ہیں - ESY کی خدمات زندگی کی اہم مہارتوں پر توجہ دینے کیلئے پیش کی جاتی ہیں۔

***ورجینیا کے محکمہ تعلیم (VDOE) کی جانب سے، زندگی کی اہم مہارتوں کی وضاحت کی گئی ہے:** زندگی کی اہم مہارتوں سے، مراد IEP ٹیم کی طرف سے تعین کردہ کوئی بھی ایسی مہارت ہو سکتی ہے، جوطالب علم کی معاشرتی اور طرزعمل کی مہارتوں سمیت، اس کی مجموعی تعلیمی ترقی کے حوالے سے، اہم قرار دی گئی ہو۔ طالب علم کی مخصوص ضروریات کے حوالے سے، زندگی کی اہم مہارتوں کا تعین کرتے ہوئے، IEP ٹیم ان صلاحیتوں پر بھی غور کر سکتی ہے، جو خود مختار زندگی گزارنے کے لئے، اہم ہیں، ان میں باتھ روم استعمال کرنے، کھانے پینے، بات چیت کرنے، کپڑے بدلنے یا تیار ہونے اور خود سے کرنے والے دیگر کاموں کرنے کی صلاحیتیں شامل ہیں۔ بعض صورتوں میں،اسکول ڈویژن تعلیمی اور طرز عمل کے معاملات پر غور اور ان کا سدباب کر سکتا ہے۔ مختلف عوامل جیسے طالب علم کی عمر، صلاحیت اور طالب علم کے اسکول کا بقیہ عرصہ، پڑھنے کا معیار، ریاضی اور تحریری زبان زندگی کی اہم مہارتوں کے طور پر، لئے جا سکتے ہیں۔

IEP ٹیم کے لیئے، لازمی ہے کہ وہ ابتدائی اور سالانہ IEP میں یا والدین یا سرپرست کی درخواست پر، ESY کی خدمات پر، گفتگو کریں۔ IEP ٹیم سالانہ IEP میں اضافہ کر کے، ESY کی خدمات پر گفتگو کر سکتی ہے۔ جب دستاویزات میں، یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ طالب علم کو، عام تعلیمی سال کے علاوہ بھی، خدمات درکار ہیں تو ESY سے متعلق، گفتگو کا آغاز کیا جانا چاہیئے۔

IEP ٹیم کے زیر غور آنے والے، اہم عوامل درج ذیل بیان کیئے گئے، ہیں۔ اگر اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ لمبے ناغے کی وجہ سے، طالب علم پر، عام تعلیمی سال کے دوران حاصل کردہ فوائد پر **گہرا اثر** پڑ سکتا ہے تو ان عوامل میں سے کوئی بھی ایک یا ان کا مجموعہ، ESY درکار ہونے کی نشاندہی کر سکتا ہے۔

- **رجعت/ تلافی** - IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ آیا اسکول میں، ناغہ آنے کی وجہ سے، *زندگی کی اہم مہارتوں میں *کافی* حد تک کمی یا رجعت واقع ہونے کا امکان ہے **اور** اسکول بریک کے بعد مناسب وقت میں، ان کھوئی ہوئی مہارتوں کا حصول ممکن نہیں (مثال کے طور پر، گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد چھ سے آٹھ ہفتے) جس سے، اس کے عام تعلیمی سال میں بہتر ہوئی کارکردگی پر، گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔
- **کارکردگی کی شرح** - IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ آیا ان خدمات کے بغیر، طالب علم کے IEP پر، * زندگی کی اہم مہارتیں بہتر کرنے کے مقاصد کے حصول یا کارکردگی کی شرح پر گہرا اثر پڑے گا، جو اس نے عام تعلیمی سال کے دوران حاصل کیں۔
- **ابھرتی ہوئی مہارتیں/ پیش رفت مواقع** - IEP ٹیم * زندگی کی مہارتیں بہتر بنانے والے، IEP کے تمام اہداف کا جائزہ لیتی ہے کہ آیا ان میں سے کوئی بھی مہارت پیش رفت کی سطح پر ہے اور آیا اسکول کی چھٹیوں کے دوران، ان اہداف کے لیئے، مہیا کردہ خدمات اور ہدایات روکنے سے، اس کے عام تعلیمی سال میں بہتر ہوئی کارکردگی پر، گہرا اثر پڑنے کا امکان ہے۔
- **مداخلتی رویے** - IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ آیا ایسا کوئی بھی مداخلتی رویہ (رویے) جیسے رسمی، جارحانہ یا خود کو نقصان پہچانے والے رویے، جس کا ذکر IEP کے مقاصد یا رویے کی بہتری کے پلان میں کیا گیا ہے، طالب علم کو، موجودہ تعلیمی سال کے دوران، اس کے تعلیمی پروگرام سے فائدہ حاصل کرنے کی راہ میں رکاوٹ کا باعث بنا۔ ٹیم اس بات کا بھی تعین کرتی ہے کہ آیا مداخلتی رویے (رویوں) کو،حل کرنے والی، پروگرامنگ روکنے سے، اس کے عام تعلیمی سال میں بہتر ہوئی کارکردگی پر، گہرا اثر پڑنے کا امکان ہے۔
- **معذوری کی نوعیت اور/ یا شدت** - IEP تعین کرتی ہے کہ آیا طالب علم کی معذوری کی نوعیت اور/ یا اس کی شدت دیکھتے ہوئے، خدمات روکنے سے، عام تعلیمی سال میں بہتر ہوئی کارکردگی پر، گہرا اثر پڑنے کا امکان ہے۔
- **خاص حالات یا دیگرعوامل** - IEP ٹیم تعین کرتی ہے کہ آیا ESY کے بغیر، ایسے کوئی خاص حالات ہیں، جن سے، اس کے عام تعلیمی سال میں بہتر ہوئی کارکردگی پر، گہرا اثر پڑے گا۔

Fairfax County Public Schools
Individualized Education Program
**Extended School Year (ESY) Services**

ESY کی خدمات مختلف قسم کے ماحول اور مختلف طرح کے طریقوں سے، دی جا سکتی ہیں۔ اگرچہ صرف یہی طریقے نہیں ہیں، جن پر IEP ٹیم غور کر سکتی ہے، درج ذیل ماڈلز تعلیمی سال کے دوران مسلسل فراہم کردہ خدمات کی عکاسی کرتے ہیں۔

- مشاورتی خدمات
- پری اسکول ریسورس سروسز
- براہ راست، کلاس پر مبنی خدمات
- گھر پر دی جانے والی ہدایات
- گھر پر مبنی خدمات

طالب علم کی انفرادی ضروریات کے مطابق، ESY کی خدمات مختلف طریقے، شدت، مقام اور عرصے کی ہو سکتی ہیں۔ البتہ، ESY کی خدمات کی فراہمی کے لیئے، IDEA کی کم سے کم پابندی والے ماحول کی دفعات کے تحت، ایک عام تعلیمی ماحول تشکیل دینے کے لیئے، ڈویژن پابند نہیں ہے۔

**خلاصہ:**

ESY کی خدمات معذوری کے حامل طلباء کو، FAPE فراہم کرنے کے لیئے، منفرد طریقے سے تشکیل دی جاتی ہیں، اگر IEP ٹیم کی طرف سے، یہ تعین کیا جاتا ہے کہ اگر طالب علم نے، اسکول کی لمبی چھٹیوں کے دوران، خدمات حاصل نہ کیں تو تعلیمی سال کے دوران طالب علم نے، جو فوائد حاصل کیئے ہیں، ان پر گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔ لہذا، اس بات پر زور دینا ضروری ہے کہ یہ خدمات:

- اس بات کی نشاندہی کرتے ہوئے، کہ اگر ESY سے متعلق، فیصلے کے لیئے، اضافی اعدادوشمار درکار ہوئے تو بعد ازاں ٹیم ، IEP ضمیمہ کیلئے اجلاس بلاسکتی ہے اور ہر سالانہ میٹنگ کے دوران یہ تبادلہ خیال کرنا ضروری ہے۔
- اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ طالب علم کی انفرادی ضروریات پوری کی گئی ہیں اور یہ خدمات ان ضروریات کے مطابق فراہم کی گئی ہیں۔ IEP ٹیم کو، موجودہ IEP میں، ان مخصوص اہداف اور/ یا مقصد (مقاصد) کی نشاندہی کرنی چاہیئے، جن کی وجہ سے خدمات ضروری ہیں، کیونکہ تمام مقاصد متاثر نہیں ہو سکتے۔
- طالب علم کی منفرد ضروریات پر پورا اترنے کے لیئے، مختلف قسم، شدت اور عرصے پر مبنی ہو سکتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیئے، *Virginia Department of Education Technical Assistance Resource Document Extended School Year Services, December 2007:* ملاحظہ کیجیئے

https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/32701/638047251239170000